© rasailojaraid.com

# اطلاعات و اعلانات

## اظہار تعزیت

گذشتہ دنوں مولانا مفتی عبدالحنان زاھد، فاضل مدینہ یونیورسٹی مدرس جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے فرزند ارجمند صغرسنی میں ہی مختصر علالت کے بعد وفات پاگئے۔ اور مرکزی جمعیت اہلحدیث کے مشہور اور ہردلعزیز خطیب حضرت مولانا محمد عبداللہ گورداسپوری خطیب بورے والہ کے بڑے بیٹے حضرت مولانا حافظ محمد لقمان سلفی، خطیب میانچنوں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اساتذہ وطلبہ جامعہ سلفیہ نے مرحومین کے نماز جنازہ میں شرکت کی اور لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔ نیز مرکزی جمعیت اہلحدیث کے ممتاز راہنما حضرت مولانا محمد یوسف ضیاء اور جماعت کے مشہور مناظر، محقق، اور مصنف حضرت مولانا محمد اشرف سلیم آپ قلعہ دیدار سنگھ کے بعد دیگر وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ **ادارہ ترجمان الحدیث** تمام مرحومین کیلئے مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کرتے ہوئے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس عطا فرمائے۔ اور خصوصاً حضرت مفتی صاحب کیلئے دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو بیٹے کانعم البدل عطا فرمائے۔ اور مولانا عبداللہ گورداسپوری کو اس پیرانہ سالی میں بیٹے کی جدائی کاغم برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللھم من احییتہ منا فاحیہ علی الاسلام
ومن توفیتہ منا فتوفہ علی الایمان

---


**آیئے اپنی زندگی رسول اللہ ﷺ کے طریقے پر گزاریں۔**

چار رنگے باتصویر خوبصورت اسٹیکر، جن پر روزمرہ امور مثلاً کھانا، پینا، سونا، جاگنا، سفر، عیادت، تعزیت وغیرہ کے مواقع کی مسنون دعائیں تحریر ہیں، شائع ہو چکے ہیں نہایت مناسب قیمت پر تبلیغی جذبہ سے حاصل کریں اور دوسرے لوگوں تک پہنچائیں۔ نیز مسنون نماز کے طریقہ والا باتصویر اشتہار بھی منگوا سکتے ہیں۔

ملنے کا پتہ:
قاری ابوحسان مدرسہ تحفیظ القرآن و جامع مسجد جنۃ الفردوس گلبرگ سی فیصل آباد


---

## مبارکباد

مجاہد ملت علامہ حکیم محمد ابراہیم طارق صاحب ایم۔ اے مولانا محمد الیاس آصف صاحب چوہدری محمد نصراللہ چٹھہ کو مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل صفدر آباد کا بالترتیب امیر، ناظم اور خزانچی منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے یہ امید کی جاتی ہے کہ نومنتخب عہدیداران جماعت ومسلک کی ترویج واشاعت کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے۔ ان شاء اللہ

دعاگو: فاروق الرحمٰن یزدانی، ناظم اعلیٰ تحریک احیائے سنت صوبہ پنجاب

---

مرکزی جامع مسجد اہلحدیث پنیام آزاد کشمیر میں
مورخہ 12 جولائی 2002 کا خطبہ جمعہ
وکیل اہلحدیث
**حافظ فاروق الرحمن یزدانی**
شیخوپوری
مدرس جامعہ سلفیہ فیصل آباد
ارشاد فرمائیں گے۔ انشاء اللہ
منجانب: سید عبدالخالق شاہ ترمذی خطیب مسجد ھذا

---

## نوٹ:

صفحات کی قلت کی وجہ سے اس شمارے میں گذشتہ ماہ کے تبلیغی پروگرامز کی تفصیل شائع نہیں کی جا سکی۔ مفصل رپورٹ آئندہ ماہ ملاحظہ فرمائیں



© rasailojaraid.com